سوال

(609) زید کا لڑکا اس کے بھائی کا وارث   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کی بیوی دو ماہ کا بچہ چھوڑ کر مر گئی زید نے لڑکا بغرض پرورش اپنے بھائی کو دے دیا اب وہ لڑکا 9 سال کا ہے۔ اور زید کا بھائی فوت ہو گیا ہے۔ زید کہتا ہے کہ میرا لڑکا میرے بھائی کا وارث ہے کیا از روئے شریعت وہ لڑکا حقدار ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

زید کا لڑکا اس کے بھائی کا وارث نہیں ہو سکتا۔ متوفی کی صلبی اولاد نہیں ہے۔ تو زید اس کا عصبہ وارث ہے زید کا بیٹا وارث نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 565

محدث فتویٰ